Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

جلد { مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ شوال سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۶ جنوری سنہ ۱۹۳۵ء } نمبر

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم

۱	توسیع مدت ملازمت مسٹر محمود خاں (اسپرنٹنڈنٹ پولیس)	۲	۳	عطائے رینک "میجر" بہ کپتان ڈاکٹر اقبال حسین صاحب (اسٹاف سرجن)	۳
۲	منظوری رخصت شبیر حسین صاحب ناظم شمالی	۲			

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

۴	منظوری تقرری بعہدہ چیف مین ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب ایم بی (پی ایچ ڈی)	۴	۸	منظوری قاعدہ وضع شدہ مطابق گورنمنٹ یو۔پی نمبرت دفعہ قانون محصول شکر ریاست رامپور ۱۹۳۴	۸
۵	قواعد متعلق قابلیت انتخاب کنندگان برائے ٹاؤن ایریا تعمیر شدہ	۵	۹	منظوری تجاویز ریونیو ڈپارٹمنٹ متعلق انتخاب ممبران ٹاؤن ایریا۔	۹
۶	توسیع مدت ملازمت اہلکاران بندوبست جدید	۵–۶			
۷	تقرر بنواری لال بعہدہ اکاؤنٹنٹ صیغہ پولیس۔	۶			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام جلالت مآب ہمایوں اعلیٰحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

حکم

واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

بموجب رپورٹ۔ مسٹر محمود خاں سپرنٹنڈنٹ پولیس کی مدت ملازمت میں بشرائط منظور شدہ چھ ماہ کی مزید توسیع منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرساند

جنابعالی!

مسٹر محمود خاں سپرنٹنڈنٹ پولیس کی خدمات ریاست میں چھ ماہ کے واسطے گورنمنٹ سے مستعار حاصل کی گئی تھیں جنکی مدت ڈیپوٹیشن ۲۵ جنوری ۱۹۳۵ء کو ختم ہو جائے گی۔ اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۰ جنوری ۱۹۳۵ء میں موصوف کی مدت ملازمت میں چھ ماہ کی مزید توسیع کا رزولیوشن پیش ہو کر طے پایا کہ:

مسٹر محمود خاں سپرنٹنڈنٹ پولیس کی مدت ملازمت میں بشرائط منظور شدہ سابقہ چھ ماہ کی مزید توسیع کی بابت پیشگاہ عالی میں سفارش کیجائے۔ لہذا ترقیمہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے

والادب   دولت و اقبال جاوید باد

ترقیمہ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر وصدر کونسل
معروضہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

سررشتہ صدر کو احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

حسب عرضداشت صاحب چیف منسٹر بہادر وصدر کونسل باستدعائے منظوری رخصت تین ماہ بائیس یوم مطلوبہ سید بشیر حیدر صاحب ناظم شمالی از یکم فروری ۱۹۳۵ء بضرورت ذاتی بایں صراحت کہ ایام رخصت کی تنخواہ گورنمنٹ سے پائیں گے اور تاریخ استفادہ رخصت سے نظامت شمالی کا کام بھی ناظم صاحب جنوبی علاوہ اپنے کار متعلقہ کے تا ختم رخصت انجام دیں گے۔ حسب سفارش اسٹیٹ کونسل باجلاس غیر معمولی منعقدہ ۲۱ جنوری ۱۹۳۵ء

حکم

بموجب رپورٹ۔ سید بشیر حیدر صاحب ناظم شمالی کی بیوم استفادہ سے تین ماہ بائیس یوم کی رخصت منظور ہے ناظم صاحب جنوبی اپنے کام کے علاوہ نظامت شمالی کا کام بھی انجام دیں گے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ صدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ریونیو ڈپارٹمنٹ
سے نو آبادیات کی انتظامی اسکیم جداگانہ جلد میں پیش کیجائے
ہر دو جلد ہائے سروس بک ذریعہ نقل حکم صاحب ریونیو سکریٹری
بہادر کی خدمت میں بھیجی جائیں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء (دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

روبکار

مورخہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

کاغذات متعلقہ ملاحظہ ہوئے۔
حسب سفارش صاحب آرمی منسٹر بہادر کپتان
ڈاکٹر امتیاز حسین (اسٹاف سرجن) کو "میجر" کا
رینک دیا جانا منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی
ہیڈکوارٹرس سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل ریاست رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل :- واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء میں نقل رزولیوشن جلسہ خاص میونسپل بورڈ رامپور منعقدہ ۱۵ جنوری ۱۹۳۵ء بابت انتخاب ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ بعہدہ چیرمین میونسپل بورڈ رامپور پیش ہو کر طے پایا کہ:-

بجائے منشی صولت علی خاں صاحب مستعفی سابق چیرمین کے ڈاکٹر احسان محمد خاں صاحب ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی کا انتخاب بعہدہ چیرمین میونسپل بورڈ رامپور منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء میں تجویز صراحت قابلیت انتخاب کنندگان برائے انتخاب ابتدائی ٹاؤن ایریا قصبہ ٹانڈہ پیش ہو کر طے پایا کہ:-

ہر وہ شخص جس میں مندرجہ ذیل کوئی قابلیت موجود ہو یا بند لحاظ شرائط دفعہ ۵ قواعد انتخاب ٹاؤن ایریا درج فہرست کئے جانے کا مستحق ہوگا۔

(۱) ہر وہ شخص جو کرایہ مکان ادا کرتا ہے یا ایسے مکان کا مالک ہے یا اس میں بلا کرایہ بود و باش رکھتا ہے جس کا کرایہ چھ روپیہ سالانہ سے کم نہ ہو۔

(۲) ہر وہ شخص جو پچیس روپیہ سالانہ لگان یا پندرہ روپیہ سالانہ مالگزاری ادا کرتا ہے یا اس قدر آراضی کا مالک ہے جس پر پندرہ روپیہ سالانہ مالگزاری تشخیص کی جا سکتی ہے۔

(۳) جو اپر پرائمری یا اس سے بڑے درجہ کا امتحان پاس کر چکا ہے یا کسی مستند درسگاہ علوم مشرقی کا تعلیم یافتہ ہے۔

(۴) جو کم از کم ایکسو بیس روپیہ سالانہ آمدنی رکھتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام برائے کارروائی صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء میں کاغذات منظوری توسیع مدت ملازمت ۲۲ اہلکاران دفتر بندوبست جدید تا ۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

پانچ ملازمان بندوبست جدید کی مدت ملازمت حسب صراحت رپورٹ صدر منصرم منسلکہ ہذا توسیع منظور کیجاتی ہے۔ ان مصارف کے لئے بجٹ ریونیو ڈپارٹمنٹ میں رقم موجود ہے جس سے بجٹ پر کسی قسم کا بار نہیں پڑیگا۔ لیکن اپریل کی تنخواہ بجٹ سال آئندہ میں نہیں رکھی جائے گی بلکہ سال حال کے بجٹ منظور شدہ ۳۴-۱۹۳۳ء سے گنجایش نکال جائے۔ اگر مشاہرات میں کسی طرح گنجایش نہ نکل سکے تو دوسری مدات سے بذریعہ منتقلی کی کو پورا کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

رپورٹ

جناب عالی۔

اردو دفتر بندوبست جدید کے مفصلہ ذیل اہلکاران کی مدت ملازمت مندرجہ تحت تاریخوں میں ختم ہوجائیگی لیکن ابھی کام زیادہ ہے جس کے ختم ہونے کی امید کم ہے کم آخر اپریل ۱۹۳۵ء تک کی جاسکتی ہے۔ لہذا استدعا ہے کہ بلحاظ اہمیت کام توسیع مدت ملازمت کی منظوری حاصل کرنے کی بابت اجلاس اعلیٰ کاروائی فرمائی جائے۔

ان مصارف کے لئے بجٹ منظور شدہ میں رقم موجود ہے۔

دستخط صدر منصرم صاحب

نمبر شمار	نام اہلکاران	عہدہ	تنخواہ ماہوار	تاریخ اختتام مدت سابقہ	ضرورت مدت توسیع آئندہ	
۱	منشی مہدی حسن	منصرم	[illegible]	۳۱ دسمبر ۱۹۳۴ء	۳۰ اپریل ۱۹۳۵ء	
۲	منشی مظاہر حسین	″	[illegible]	″	″	
۳	منشی سلطان حسین	″	[illegible]	″	″	
۴	منشی محمد عباس	″	[illegible]	″	″	
۵	محمد سبطین	محافظ دفتر	[illegible]	″	″	
۶	منشی رام سروپ	محاسب	[illegible]	″	″	
۷	منشی محمود علیخاں	″	[illegible]	″	″	
۸	منشی وارث علی	″	[illegible]	″	″	
۹	منشی آل سبطین	″	[illegible]	″	″	
۱۰	منشی غلام مصطفےٰ	″	[illegible]	آخر جنوری ۱۹۳۵ء	″	
۱۱	منشی عزیز الدین	″	[illegible]	″	″	
۱۲	منشی اسرار علیخاں	″	[illegible]	″	″	
۱۳	منشی مظہر الاسلام	″	[illegible]	″	″	بجائے منشی ناظر حسین محرر کے کام کر رہے ہیں ابھی منظوری نہیں آئی
۱۴	منشی اشفاق حسین	″	[illegible]	″	″	

۱۵	منشی ابن علی	محرر	[illegible]	آخر جنوری ۱۹۳۵ء	۳۰ر اپریل ۱۹۳۵ء	
۱۶	منشی ضمیر الحسن خاں	//	[illegible]	//	//	
۱۷	منشی بشیر حسین	//	[illegible]	۳۱ر دسمبر ۱۹۳۴ء	//	
۱۸	منشی گنیشی لال	//	[illegible]	//	//	
۱۹	منشی کنہیا لال	//	[illegible]	//	//	
۲۰	جگدیش سرن	انگلش کلرک	[illegible]	۲۰ر فروری ۱۹۳۵ء	//	
۲۱	بابو اشرفی لال	اسسٹنٹ //	[illegible]	۱۳ر فروری ۱۹۳۵ء	//	
۲۲	برج کشور سنگھ	انگلش کلرک	[illegible]	۱ر دسمبر ۱۹۳۴ء	دو ماہ کے لئے	

رپورٹ سررشتہ متعلق ہے بغرض منظوری بخدمت صاحب ریونیو سکرٹری بہادر پیش ہو۔ ۲۰ر دسمبر ۱۹۳۴ء (دستخط صاحب ڈائرکٹر کاغذ اردو حسب [illegible])

رپورٹ ڈائرکٹر صاحب بغرض منظوری بخدمت جناب صاحب منسٹر بہادر مرسلہ ۔ ۳۱ر دسمبر ۱۹۳۴ء دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

آرڈران اسٹیٹ کونسل :- واقع ۲۲ر جنوری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۱۲ر جنوری ۱۹۳۵ء میں تجویز صاحب منسٹر بہادر انچارج پولیس بابت تقرر بنواری لال سرا (باشندہ علاقہ غیر) بعہدہ اکاؤنٹنٹ پولیس پیش ہو کر طے پایا کہ :-

حسب اتفاق سروس سلکشن بورڈ بنواری لال سرا کا تقرر فی الحال برائے چھ ماہ بعہدہ اکاؤنٹنٹ پولیس منظور ہے۔ تنخواہ منظور شدہ بجٹ ۵۵ (پچپن روپیہ) ماہانہ اور آٹھ ۸ روپے ماہانہ الاؤنس مکان پائے گا۔ رقم الاؤنس کی گنجائش بجٹ پولیس ہی سے نکالی جائے۔

اس مدت میں کسی تعلیم یافتہ باشندہ رامپور کو کام سکھانے کا انتظام کیا جائے۔ تاکہ بعد ختم مدت اس عہدے کی خدمات انجام دینے کا اہل ہو سکے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل

دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل

واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۲۱ جنوری ۱۹۳۵ء میں قاعدہ وضع شدہ مطابق گورنمنٹ یو-پی تحت دفعہ (۱) قانون محصول شکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-

قاعدہ مصرحہ بالا منسلکہ ہذا کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

آرڈر ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے اجرائے احکام مناسب سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل آرڈر ہذا کی مع نقل ذیلی صاحب منسٹر بہادر انچارج ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ قاعدہ منسلکہ درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ مہا کونسل

نوٹ۔ از صاحب چیف جسٹس بہادر

مورخہ ۱۲ جنوری ۱۹۳۵ء

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من۔

گورنمنٹ یو-پی نے حال ہی میں قاعدہ منسلکہ تحت قانون محصول شکر علاقہ انگریزی وضع کیا ہے۔ شکر سازی کے معاملہ میں انگریزی و ریاست رامپور کے علاقہ جات میں یکسانیت و اتحاد عمل قائم رکھنے کی نیت سے اور مروجہ قواعد کو موثر بنانے کے لئے قاعدہ مذکور کا وضع کیا جانا تحت دفعہ ۱۰ قانون محصول شکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء نہایت ضروری ہے لہذا گذارش ہے کہ قاعدہ مذکور کی منظوری حاصل فرما کر حکم اندراج گزٹ صادر فرمایا جائے۔ فقط

نیازمند دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

قاعدہ

گورنمنٹ ریاست رامپور تحت دفعہ ۱۰ قانون محصول شکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء حسب ذیل قاعدہ وضع کرتی ہے۔

"منسٹر انچارج صنعت و حرفت کسی افسر کو مجاز کر سکتا ہے کہ وہ کسی مقام گاڑی یا کسی دیگر ذرائع باربرداری کی تلاشی اُس شکر کے برآمد کرنے کی غرض سے لے جو قابل ادائے محصول ہے۔ اور ایسی شکر کو قبضہ میں کر لے یا روک لے جس کے متعلق اسکو یہ ظاہر ہو کہ یہ شکر قابل محصول تھی لیکن اوس پر محصول نہیں لیا گیا ہے۔ یا کوئی خلاف ورزی احکام قانون ہذا یا قانون محصول شکر ریاست رامپور ۱۹۳۲ء عمل میں آئی ہے"

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

آرڈر ان اسٹیٹ کونسل

واقع ۲۲ جنوری ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی اجلاس منعقدہ ۲۱ جنوری ۱۹۳۵ء میں تجاویز ریونیو ڈپارٹمنٹ بسلسلہ انتخاب ممبران متعلق ٹاؤن ایریا قصبہ ٹانڈہ پیش ہو کر طے پایا کہ:-

(۱) تحت دفعہ ۴ (۲) ب۔ قصبہ ٹانڈہ کے منتخب شدہ ممبران کی تعداد پانچ مقرر کیجاتی ہے جنمیں بلحاظ اکثریت چار ممبر مسلمان ہوں گے اور حسب دفعہ ۴ (۳) الف۔ ایک ممبر قلیل التعداد جماعت اہل ہنود سے ہوگا۔

(۲) تحت دفعہ ۴ (۲) ج۔ نامزد شدہ ممبران کی تعداد دو ہوگی جنمیں سے ایک ممبر جماعت اہل ہنود سے ہوگا

(۳) ناظم صاحب کو مہتمم انتخاب مقرر کیا جاتا ہے اور اختیار دیا جاتا ہے کہ فہرست انتخاب کنندگان تیار کرا کر نوٹس

جاری کریں اور آسے باضابطہ مشتہر کرادیں۔

تاریخ انتخاب کا تعین بھی خود کردیں۔

انتخاب کی کارروائی ماہ مارچ میں ہوگی۔

(۴) پرچہ ووٹ اور بیلٹ بکس کے بارے میں سادہ کاغذ اور معمولی بکس سے کام لیا جائے۔

(۵) چونکہ ٹاؤن ایریا کی ابتدا ہے اور باشندگان قصبہ ابھی اصول وقواعد سے ناواقف ہیں۔ لہذا تحصیلدار صاحب ٹانڈہ کو باعتبار عہدہ چیرمین مقرر کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات معہ آرڈر ہذا بعد اجرائے احکام صاحب ریونیو سکرٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب پریذیڈنٹ بہادر اسٹیٹ کونسل
دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل